# مطبوعات

روس میں مسلمان قومیں | تالیف: جناب آباد شاہ پوری صاحب

شائع کردہ: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور

صفحات: ۴۶۳

قیمت: ۱۹/۵۰ روپے

زیرِ تبصرہ کتاب کے مصنّف علمی دُنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ انہوں نے آج تک جو کچھ لکھا ہے اس میں فکری گہرائی اور مطالعہ کی وسعت دونوں خوبیاں نمایاں نظر آتی ہیں۔ یہ کتاب فاضل مصنّف کی برسوں کی علمی کاوش کا ثمرہ ہے۔ اس میں آباد شاہ پوری صاحب نے ناقابل تردید شواہد کے ساتھ یہ بتایا ہے کہ سُرخ سامراج نے روس کے زیرِ تسلط مسلمان ریاستوں کو کس بے دردی کے ساتھ تاخت و تاراج کیا ہے اور وہاں اسلام اور اسلامی تہذیب کو مٹانے کے لیے کس قسم کے ظالمانہ ہتھکنڈے استعمال کیے ہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ دینی اعتبار سے وہ مردم خیز خطّے جن میں کبھی امام بخاریؒ اور ان جیسے دوسرے بزرگ پیدا ہوئے وہاں اب کوئی اوسط درجے کا عالم بھی پیدا نہیں ہوتا؟ اس افسوسناک انحطاط کی وجہ بجز اس کے کیا ہے کہ اشتراکیت کے پرستاروں نے ناقابل بیان تشدّد سے کام لے کر مسلمانوں کی نوخیز نسلوں کو دینِ حق سے بیگانہ بنا دیا ہے۔

یہ کتاب بڑی معلومات افزا اور فکر انگیز ہے۔ اور ہم تمام نوجوانوں سے اس کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔